## سوال

(781) کیا مریض آدمی دس دن کی نمازوں کی قضائی دے گا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی دس دن اتنا بیمار یا مصروف رہا کہ کوئی نماز نہ پڑھ سکا۔ اب اُسے ان فوت شدہ نمازوں کو پڑھنا چاہیے یا نہیں؟ وضاحت فرمائیں۔ شکریہ

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دس دن کی قضاء شدہ نمازوں کی قضائی دینی چاہیے۔ اگر بیماری کی شدت کی وجہ سے غشی طاری رہی تو بایں صورت صرف قریبی پانچ نمازوں کی قضائی دے۔ (مؤطا)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :658

محدث فتویٰ